# 19-09-2025 URDU NEWS BULLETIN 17.50 HRS

سرخیاں

۱۔ وزیراعلیٰ ریونت ریڈی نے صنعتوں کو یقین دلایا کہ حکومت سیکورٹی اور تعاون ہر ممکن ذرائع سے فراہم کرے گی۔

۲۔ ریاستی حکومت نے آج اقلیتوں کی بہبود کیلئے دو اسکیموں، اندراماں مینارٹی مہیلا یوجنا اور ریونت انا کا سہارا کا آغاز کیا۔

۳۔ پرسار بھارتی کے چیرمین نونیت کمار سہگل نے آج آکاش وانی حیدرآباد میں نشریاتی سرگرمیوں کا جائزہ لیا اور خبروں کی ترسیل کے عمل کو تیز کرنے پر زور دیا۔

اور

۴۔ محکمہ موسمیات نے ریاست کے بعض اضلاع میں آج اور کل شدید بارش کی پیش قیاسی کی ہے۔

AKASHVANI - PB CHAIRMAN

پرسار بھارتی کے چیرمین نونیت کمار سہگل نے آج آکاش وانی حیدرآباد میں نشریاتی سرگرمیوں کا جائزہ لیا۔ پرسار بھارتی کے چیرمین حیدرآباد کے دو روزہ دورہ پر ہیں۔ انہوں نے آکاش وانی حیدرآباد میں اسٹوڈیوز کا معائنہ کیا۔ ریجنل نیوز یونٹ میں انہوں نے اس بات پر زور دیا کہ باوثوق ذرائع سے جانکاری جلد سے جلد حاصل کرتے ہوئے بلاکسی تاخیر کے عوام تک پہنچائی جائی۔ نونیت کمار سہگل نے آکاش وانی حیدرآباد کے مختلف چینلز پر نشر کئے جارہے پروگراموں سے بھی واقفیت حاصل کی اور آؤٹ پٹ کو مزید بہتر بنانے کیلئے اپنی تجاویز پیش کی۔ پرسار بھارتی کے چیرمین کل دوردرشن حیدرآباد کیندر کا دورہ کریں گے۔

WEATHER

ریاست کے مختلف اضلاع نظام آباد، سنگاریڈی، کاماریڈی، ناگرکرنول کے علاوہ دیگر ضلعوں کے بعض مقامات پر شدید بارش کی پیش قیاسی کی گئی ہے۔ محکمہ موسمیات کے عہدیداروں نے بتایا کہ حیدرآباد سمیت کئی اضلاع میں 30 سے 40 کلومیٹر فی گھنٹہ کی رفتار سے ہوائیں چل سکتی ہیں اور گرج چمک کے ساتھ آج اور کل بارش کا امکان ہے۔

CM NEW JERSEY

وزیراعلیٰ ریونت ریڈی نے آج نیوجرسی کے گورنر فیل مرفی کے ساتھ ایک اجلاس منعقد کیا۔ سرکاری پریس ریلیز کے مطابق دونوں رہنماؤں نے تعلیم، انفرااسٹرکچر، فلم، گرین انرجی، موسیٰ ندی کی تجدید کاری سمیت باہمی مفاد کے مختلف امور پر تبادلہ خیال کیا۔ وزیراعلیٰ نے سال 2047ء کے تلنگانہ ویژن کا ذکر کرتے ہوئے کہا کہ حکومت اِس نصب العین کے تحت کئی اقدامات کررہی ہے۔ انہوں نے آئی ٹی اور فارما انڈسٹریز کی اہمیت کو بھی اجاگر کیا۔

CM PAFI

وزیراعلیٰ ریونت ریڈی نے صنعتوں کو یقین دلایا کہ حکومت سیکورٹی اور تعاون ہر ممکن ذرائع سے فراہم کرے گی۔ انہوں نے صنعتوں پر زور دیا کہ وہ ریاست میں سرمایہ لانے کے لئے تلنگانہ کے برینڈ ایمبسیڈر کے طور پر کام کریں۔ دہلی میں پبلک افیرس فورم آف انڈیا کی بارہویں سالانہ میٹنگ سے خطاب کرتے ہوئے ریونت ریڈی نے کہا کہ حکومت موسیٰ ندی کی تجدید کاری پراجکٹ اور جھیلوں کی بحالی کو اعلیٰ ترجیح دے رہی ہے تا کہ پانی کا مسئلہ پیدا نہ ہو۔ وزیراعلیٰ نے کہا کہ حکومت 9 دسمبر کو ویژن ڈاکیومنٹ جاری کرے گی جس میں ریاست کی ہمہ جہت ترقی کا احاطہ کیا جائے گا۔ اس موقع پر انہوں نے ینگ انڈیا اسکل یونیورسٹی کے تعلق سے بھی شرکاء کو واقف کرایا۔

DUPUTY CM:

انفرااسٹرکچراور دارالحکومت کے کاموں پر تشکیل دی گئی کابینہ سب کمیٹی نے ایک ہفتہ کے اندر مختلف محکمہ جات کے کاموں کا تعین کرنے کا فیصلہ کیا ہے۔ نائب وزیر اعلیٰ ملو بھٹی وکرامارکہ کی صدارت میں منعقدہ اجلاس میں عہدیداروں کو ہدایت دی گئی کہ وہ سالانہ سطح پر کاموں کو تقسیم کرے۔ کمیٹی نے وزارتِ پنچایت راج کے تحت ایچ اے ایم سڑک کی تعمیر کے کاموں کے ٹنڈر عمل میں تیزی پیدا کرنے کا بھی فیصلہ کیا۔

MINORITY SCHEMES

ریاستی وزیر اے لکشمن کمار نے آج اقلیتوں کی بہبود کیلئے دو اسکیموں، اندراماں مینارٹی مہیلا یوجنا اور ریونت انا کا سہارا کا آغاز کیا۔ اس موقع پر ریاستی وزیر نے کہا کہ ان دو اسکیموں کے ذریعہ اقلیتی طبقہ سے تعلق رکھنے والے غریب افراد کے معیارِ زندگی کو بلند کرنے میں مدد ملے گی۔ انہوں نے مزید کہا کہ اندراماں یوجنا سے تنہاء خواتین جیسے بیواؤں، طلاق شدہ خواتین کو خود روزگار میں مدد ملے گی۔ انہوں نے کہا کہ اقلیتی طبقہ کے بعض افراد کو موفڈ فراہم کی جائے گی۔ اہل امیدوار آئندہ مہینہ کی 6 تاریخ سے اس اسکیم سے استفادہ کیلئے آن لائن درخواستیں داخل کر سکتے ہیں۔

TRADE EXPO:

ریاستی وزیر کانکنی وویک وینکٹا سوامی نے کہا کہ تجارتی ایکسپو سبھی کیلئے نئی تکنالوجیز اور جدید آلات کی فراہمی کا ذریعہ بنیں گے۔ حیدرآباد میں فوٹو ٹریڈ ایکسپو کے افتتاح کے بعد ریاستی وزیر نے فوٹو گرافرس اور ویڈیو گرافرس کو یقین دلایا کہ حکومت ان کے ساتھ کھڑی ہے۔ تلنگانہ فوٹو ویڈیو گرافرس ویلفیر اسوسی ایشن کی جانب سے اس ایکسپو کا انعقاد کیا گیا تھا۔

BRS:

بی آر ایس کے کارگزار صدر کے تارک راما راؤ نے کہا کہ جوبلی ہلز کا الیکشن ریاست کے مستقبل کا تعین کرے گا۔ حیدرآباد میں پارٹی بوتھ سطح کے ایک اجلاس کے دوران خطاب کرتے ہوئے کے ٹی آر نے یہ تبصرہ کیا کہ ایسا پہلی بار ہو رہا ہے کہ ریاستی کابینہ میں اقلیتوں کیلئے کوئی جگہ نہیں ہے۔

RTC CHARGE

ٹی ایس آر ٹی سی کی جانب سے دسہرہ تہوار کے موقع پر خصوصی بس خدمات کیلئے ٹکٹ کے شرحوں میں اضافہ کی تجویز پر بی آر ایس نے ریاستی حکومت کو شدید تنقید کا نشانہ بنایا۔ بی آر ایس کے سینئر لیڈر ہریش راؤ نے سوشل میڈیا پر کہا کہ تہواروں کے موقع پر لوگوں کو قیمتوں میں اضافہ کر کے پریشان نہیں کیا جانا چاہیئے۔

BJP HEALTH CAMP:

وزیراعظم نریندر مودی کی سالگرہ کی مناسبت سے سیوا مہم کے تحت بی جے پی ریاستی یونٹ نے آج حیدرآباد میں کینسر بیداری واسکریننگ کیمپ کا انعقاد کیا۔ اوپل کے سنجنا کمپلیکس میں یہ کیمپ منعقد کیا گیا۔ بی جے پی مہیلا مورچہ کی ریاستی صدر ڈاکٹر شلپا ریڈی نے خواتین کو یقین دلایا کہ پارٹی ان کی طبی امداد کرے گی اور ضرورت پڑنے پر آگے بھی ٹسٹ اور علاج کی سہولت فراہم کی جائے گی۔

NIRMAL MINORITY COMMISSION

اسٹیٹ کرسچن مینارٹی کمیشن کے چیرمین دیپک جان نے اقلیتی طبقہ کے اہل امیدواروں پر زور دیا کہ وہ ان کی شروع کی گئی فلاحی اسکیم سے استفادہ کریں۔ نرمل ضلع کلکٹریٹ میں فلاحی پروگراموں کے نفاذ کا جائزہ لیتے ہوئے انہوں نے اقلیتوں سے کہا کہ وہ اس موقع سے استفادہ کریں۔

PM - POSHAN 2.0

وزیراعظم نریندر مودی نے کہا کہ مشن سکشم آنگن واڑی ور پوشن 2.0 حکومت کے بڑے اقدامات ہیں تا کہ بچوں ، سن بلوغت کو پہنچنے والی لڑکیاں اور حاملہ خواتین کو بہتر تغذیہ کی فراہمی کو یقینی بنایا جا سکے۔ مرکزی وزیرانا پورنا دیوی کے ایک آرٹیکل کا حوالہ دیتے ہوئے وزیراعظم نے کہا کہ مذکورہ اسکیموں کے ذریعہ لاکھوں استفادہ کنندگان ملک بھر میں پھیلے آنگن واڑی مراکز کے وسیع نٹ ورک کے ذریعہ استفادہ کرر ہے ہیں۔ انہوں نے مزید کہا کہ یہ اسکیمیں ملک میں لاکھوں بچوں کے مستقبل کوسنوار رہی ہیں۔

GST

مرکزی وزیر زراعت شیوراج سنگھ چوہان نے اس بات پر زور دیا کہ ٹریکٹر اور دیگر زرعی آلات پر کم کی گئی جی ایس ٹی شرحوں کا فائدہ کسانوں تک پہنچنا چاہئے۔ نئی دہلی میں زرعی شعبہ کی مشنری اور آلات تیار کرنے والے اداروں کے نمائندوں کے ہمراہ اجلاس کے دوران مرکزی وزیر نے کہا کہ ٹریکٹرس اور دیگر زرعی آلات پر جی ایس ٹی کو پانچ فیصد کر دیا گیا ہے اور یہ آلات سستے ہوں گے۔

GI

ملک کے جغرافیکل انڈیکیشن جی آئی کے ایکو سسٹم کو مستحکم کرنے کے لئے ریسولٹ فور آئی پی نے جی آئی کے اتھرائیز یوزر رجسٹریشن کے لئے 24 گھنٹے ہاٹ لائن نمبر جاری کرنے کا اعلان کیا ہے۔ اس پہل کا مقصد ہندوستانی ورثہ کے حقیقی محافظین جیسے کاریگر، بنکر اور کسانوں کو جی آئی کا فائدہ پہنچے اور ان کیلئے رجسٹریشن کا عمل آسان بنایا جا سکے۔ عہدیداروں نے بتایا کہ جی آئی صرف ایک ٹیگ نہیں ہے بلکہ یہ ہندوستان کی صدیوں پرانی کاریگری، روایتوں اور علاقائی خصوصیات کو تسلیم کرنے کا ذریعہ ہے۔

GST REACTION

نلگنڈہ کے ایک کارمیکانک پرکاش ریڈی نے کہا کہ جی ایس ٹی میں اصلاحات سے آٹوموبائل شعبہ کو مدد ملے گی۔انہوں نے اس خیال کا اظہار کیا کہ گاڑیوں کے اسپیئر پارٹس پر جی ایس ٹی میں کمی سے گاڑیوں کے مالکان کے علاوہ آٹو گیرجس پر انحصار کرنے والے افراد کو فائدہ ہوگا۔

Sound Byte.

○○